10 مئی، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ اس موسم بہار میں نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) طلبا کو ویکسین کی صورت حال سے قطع نظر پرامز اور اس جیسے سال کے آخر میں ہونے والے ایک بار رقصوں میں شرکت کرنے کی اجازت دے گا۔ اس فیصلہ کی بنیاد نیویارک شہر شعبہ برائے صحت اور دماغی صحت کی رہنمائی پر مبنی ہے کہ پرامز اور اس جیسے سال کے آخر میں ایک بار رقص کمشنر برائے صحت کے زیادہ خطرناک غیر نصابی سرگرمیوں کے حکم کے زیر تابع نہیں ہیں۔

محکمۂ تعلیم اب تمام طلبا کو ہر ہفتے چار COVID-19 گھر پر کرنے کی ٹیسٹ کٹس فراہم کریگا، اور ہم پُرزور مشورہ دیتے ہیں کہ آپکا بچہ اس رقص یا پرام میں شامل ہونے سے 24 گھنٹے پیشتر ایک ٹیسٹ لے اور دوسرا ٹیسٹ اس تقریب کے پانچ دن بعد لے۔ اگر آپکے بچے میں ایک رقص یا پرام میں شرکت کرنے کے بعد COVID-19 کی علامتیں ظاہر ہوتی ہیں، برائے مہربانی فوراً اپنے بچے کا ایک گھر کا ٹیسٹ لینے میں مدد کریں۔ ہم اس کا بھی پُرزور مشورہ دیتے ہیں کہ طلبا اور عملہ اس تقریب میں بچاو کے لیے ایک اضافی حفاظتی تہہ کے طور پر ایک اعلیٰ معیاری N95 یا KN95 ماسک پہنیں۔

اسکے علاوہ، کسی رقص یا پرام کے لیے ضروری ہے کہ روزانہ کا صحت جانچ فارم مکمل کیا جائے، جو healthscreening.schools.nyc پر دستیاب ہے۔ اسکول کی عمارتوں میں تقریبات کے لیے، تمام نگرانوں (شیپرون) کو اب بھی ویکسینیشن کا ثبوت دکھانا لازمی ہے۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ اگر کوئی پرام یا سال کےآخر کا رقص کسی اور مقام پر منعقد کیا جاتا ہے، شرکاء کو اس مقام کے COVID-19 کے صحت اور حفاظت کے مطلوبات کی پیروی کرنا لازمی ہے، بشمول اگر درکار ہو ویکسینیشن کے ثبوت فراہم کرنے کے۔

بطور یاد دہانی، COVID-19 سے نمٹنے اور ہمارے اسکولوں کو تمام طلبا کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے ہمارے پاس ویکسینیشن بہترین آلہ ہے۔ 5 سال اور اس سے بڑی عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوائی ہے ازراہِ کرم آپ vaccinefinder.nyc.gov پر جا کر ویکسینیشن کے لیے مقررہ وقت لے سکتے ہیں یا 311 پر کال کرکے ایک قریبی ویکسین مقام تلاش کر سکتے ہیں۔ یہ ویکسین نیو یارک شہر کے تمام شہریوں کے لیے مفت ہے، نقل وطنی (امیگریشن) یا بیمہ (انشورنس) کی صورت حال سے قطع نظر۔

12 سال یا اس سے بڑی عمر کے افراد جو مکمل طور پر ویکسین شدہ ہیں اور جنہوں نے اپنی دو خوراکوں پر مشتمل ویکسین کی دوسری خوراک کم از کم پانچ مہینے قبل لی ہے انکے لیے اب ویکسین بوسٹر ٹیکے بھی دستیاب ہیں۔ بوسٹر شاٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www1.nyc.gov/site/doh/covid/covid-19vaccines.page#boost پر جائیں۔

آپ کی مستقل شراکت کا شکریہ۔

Dr. Cristina Meléndez

Dr. Cristina Meléndez
منتظم اعلٰی
خاندانی اور اجتمائی شمولیت

To view a copy of this document in your language, visit schools.nyc.gov/messagesforfamilies

للاطلاع على نسخة مترجمة من هذه الوثيقة، يرجى زيارة الرابط schools.nyc.gov/messagesforfamilies	এই ডকুমেন্টের অনুবাদকৃত সংস্করণটি দেখতে, schools.nyc.gov/messagesforfamilies ভিজিট করুন	如要查看本文件的中文譯本，請上網到 schools.nyc.gov/messagesforfamilies
Pour voir une version traduite de ce document, allez sur schools.nyc.gov/messagesforfamilies	Pou wè yon vèsyon dokiman sa a nan lòt lang, ale nan schools.nyc.gov/messagesforfamilies	이 문서의 번역본은 schools.nyc.gov/messagesforfamilies에 있습니다.
Перевод документа находится по адресу: schools.nyc.gov/messagesforfamilies	Para ver una versión traducida de este documento, visite schools.nyc.gov/messagesforfamilies	اس دستاویز کی ترجمہ شدہ اشاعت دیکھنے کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/messagesforfamilies